

# اسکول میں لازمی حاضری

## والدین اور کیئررز کے لیے معلومات

آپ کے بچے کے لیے تعلیم اہم ہے اور آپ کے بچے کی بہترین تعلیمی کارکردگی حاصل کرنے اور اس کے کیریئر اور زندگی میں دستیاب اختیارات کو بڑھانے کے لیے اس کی اسکول میں باقاعدگی سے حاضری ضروری ہے۔ NSW پبلک اسکول والدین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ بچوں اور نوجوانوں کی باقاعدہ حاضری کی حوصلہ افزائی اور مدد کی جاسکے۔ جب آپ کا بچہ ہر روز اسکول جاتا ہے تو اس کے لیے سیکھنا آسان ہوجاتا ہے اور وہ دوسرے بچوں کے ساتھ دوستیاں بنائے گا اور انہیں برقرار رکھے گا۔

### میری قانونی ذمہ داریاں کیا ہیں؟

نیو ساؤتھ ویلز میں چھ سال اور اسکول چھوڑنے کی کم از کم عمر، جو 17 سال ہے، کے بچوں کے لیے تعلیم لازمی ہے۔ ایجوکیشن ایکٹ 1990 اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ والدین اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے اسکول کی لازمی عمر کے بچوں کا داخلہ ہوا ہو اور وہ باقاعدگی سے اسکول جاتے ہوں، یا وہ ہوم اسکولنگ کے لیے NSW ایجوکیشن سٹینڈرڈز اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں۔

داخل ہونے کے بعد، بچوں کو اسکول کھلنے والے ہر دن اسکول جانا ہوتا ہے۔

### وقت پر اسکول جانے کی اہمیت

اسکول اور کلاس میں وقت پر جانے سے:

- یہ یقینی بنتا ہے کہ بچے دن کے آغاز میں سیکھنے کی شیڈول شدہ اہم سرگرمیوں سے محروم نہ ہوں
- طلباء کو وقت کی پابندی اور معمولات کی اہمیت کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے
- طلباء کو کلاس شروع ہونے سے پہلے اپنے دوستوں سے ملنے کا موقع ملتا ہے
- کلاس روم میں خلل کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

تاخیر کو جزوی غیر حاضری کے طور پر ریکارڈ کیا جاتا ہے اور والدین کو اس کی وضاحت کرنی ہوگی۔

### اگر میرے بچہ اسکول نہ آ سکتا ہو تو؟

کبھی کبھار، آپ کے بچے کو اسکول سے غیر حاضر رہنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ طالب علم کی غیر حاضری کی معقول وجوہات میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- بیماری یا انفیکشن
- ایک ناگزیر طبی اپائنٹمنٹ
- کسی تسلیم شدہ مذہبی تعطیل میں شرکت
- غیر معمولی یا ہنگامی خاندانی حالات جیسے جنازے میں شرکت۔

NSW GOVERNMENT

اسکول سے غیر حاضری کے بعد آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ 7 دنوں کے اندر اپنے بچے کے اسکول کو غیر حاضری کی زبانی یا تحریری وضاحت فراہم کریں۔ تاہم، اگر اسکول کو 2 دنوں کے اندر آپ کی طرف سے کوئی وضاحت موصول نہیں ہوتی تو اسکول آپ سے غیر حاضری کے بارے میں بات کرنے کے لیے رابطہ کر سکتا ہے۔

اگر پرنسپل اس بات سے متفق نہ ہوں کہ غیر حاضری آپ کے بچے کے بہترین مفاد میں ہے تو وہ آپ کی فراہم کردہ وضاحت کو قبول کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔ ان صورتوں میں آپ کے بچے کی غیر حاضری کو بلا جواز غیرحاضری کے طور پر درج کیا جائے گا۔ جب ایسا ہوتا ہے تو پرنسپل آپ کے ساتھ اپنے فیصلے اور اس کی وجوہات کے بارے میں بات کرے گا\گی۔

جب اکثر اوقات یا طویل مدتی غیر حاضری کی وجہ بیماری بتائی جائے تو پرنسپل میڈیکل سرٹیفکیٹ یا دیگر دستاویزات کی درخواست کر سکتے ہیں۔ پرنسپل آپ کے بچے کی مدد کے لیے باہمی تعاون سے صحت کی دیکھ بھال کا منصوبہ تیار کرنے کی غرض سے معلومات حاصل کرنے اور طبی ماہرین سے بات کرنے کے لیے والدین کی اجازت بھی طلب کر سکتے ہیں۔ اگر اجازت نہ دی گئی تو پرنسپل ان غیر حاضریوں کو بلا جواز غیرحاضریوں کے طور پر ریکارڈ کر سکتا\سکتی ہے۔

## سفر

اگر گھرانوں کو سفر کرنے کی ضرورت ہو تو انہیں اسکول کی چھٹیوں کے دوران سفر کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اگر اسکول ٹرم کے دوران سفر ضروری ہو، تو اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل سے اس بارے میں بات کریں۔ لمبی چھٹی (Extended leave) کے لیے درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ سفر کی وجہ سے ہونے والی غیر حاضریوں کو اسکول رول پر چھٹی کے طور پر ریکارڈ کیا جائے گا اور یہ آپ کے بچے کی سال بھر کی غیر حاضریوں میں شمار ہوں گی۔

کچھ حالات میں طلباء اسکول کے 50 دنوں سے زیادہ سفری مدت کے لیے فاصلاتی تعلیم میں داخلہ لینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اس بارے میں آپ کے بچے کے اسکول کے پرنسپل سے بات کی جانی چاہیے۔

## میرا بچہ اسکول نہیں جانا چاہتا، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کو اس مسئلے پر بات کرنے اور مدد طلب کرنے کے لیے پرنسپل سے جلد از جلد رابطہ کرنا چاہیے۔ حاضری کو بہتر بنانے میں مدد کی حکمت عملیوں میں اسکول کی لرننگ اینڈ سپورٹ ٹیم کو ریفر کرنا یا آپ کے بچے کو مناسب سپورٹ نیٹ ورکس سے جوڑنا شامل ہوسکتا ہے۔ پرنسپل حاضری کو بہتر بنانے کا منصوبہ تیار کرنے کے لیے ہوم سکول رابطہ پروگرام (Home School Liaison Program) سے مزید تعاون حاصل کر سکتا\سکتی ہے۔

## اگر میرے بچے کی ناقابل قبول غیر حاضریاں جاری رہیں تو کیا ہو گا؟

یہ سمجھنا اہم ہے کہ جب اسکول جانے کی لازمی عمر کے بچے اسکول سے بار بار کسی وضاحت کے بغیر یا بلا جواز غیر حاضر ہوں تو محکمہ تعلیم کو مزید کارروائی کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

درج ذیل میں سے کچھ اقدامات اٹھائے جا سکتے ہیں:

- اسکول لازمی جانے کے بارے میں کانفرنسیں

آپ کو، اپنے بچے کے ہمراہ، اسکول لازمی جانے کے بارے میں ایک کانفرنس میں شرکت کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ کانفرنس آپ کے بچے کے لیے ایسی معاونتوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کرے گی جن کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ وہ باقاعدگی سے سکول جائے۔ اسکول، والدین اور ایجنسیاں آپ کے بچے کی اسکول میں حاضری میں مدد کے لیے ایک متفقہ منصوبہ (جسے انڈرٹیکنگز کہا جاتا ہے) تیار کرنے کے لیے مل کر کام کریں گی۔

- بچوں کی عدالت (Children's Court) میں درخواست – لازمی اسکول جانے کا حکم (Compulsory Schooling Order)

اگر آپ کے بچے کی اسکول میں غیر اطمینان بخش حاضری جاری رہتی ہے تو محکمہ بچوں کی عدالت میں لازمی اسکول جانے کے حکم کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔ بچوں کی عدالت کا مجسٹریٹ ایک لازمی سکولنگ کانفرنس بلانے کا حکم دے سکتا ہے۔

- مقامی عدالت میں مقدمہ

اسکول اور محکمے کا عملہ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے آپ کے ساتھ شراکت داری میں کام کرنے کے لیے پرعزم ہے جو آپ کے بچے کی اسکول میں مکمل شرکت کو روک رہے ہیں۔ لازمی اسکول جانے کے احکامات کی خلاف ورزی ہونے کی صورت میں والدین کے خلاف مقامی عدالت میں مزید کارروائی کی جا سکتی ہے۔ عدالتی کارروائی کے نتیجے میں کمیونٹی سروس آرڈر یا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

## میرا بچہ کس عمر میں اسکول چھوڑ سکتا ہے؟

نیو ساؤتھ ویلز کے تمام طلباء کے لیے لازمی ہے کہ وہ تعلیمی سال 10 یا اس کے مساوی مکمل کریں۔ تعلیمی سال 10 کے بعد، اور اس وقت تک جب تک کہ وہ 17 سال کی عمر کو نہ پہنچ جائیں، طلباء کے لیے اسکول کی تعلیم مکمل کرنے کے لیے بہت سے لچکدار اختیارات موجود ہیں۔

## شراکت دای میں کام کرنا

NSW کا محکمہ تعلیم تسلیم کرتا ہے کہ طلباء اور ان کے گھرانوں کے ساتھ مل کر کام کرنا اسکول میں طلباء کی باقاعدہ حاضری میں مدد دینے کا بہترین طریقہ ہے۔

ہم آپ کے بچے کو اپنی زندگی کے مواقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد دینے کے لیے آپ کے ساتھ شراکت داری میں کام کرنے کے منتظر ہیں۔

## ٹیلی فون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ مزید معلومات چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اسکول سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو اسکول سے رابطہ کرنے کے لیے زبانی مترجم کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر کال کریں، انہیں بتائیں کہ آپ کو کس زبان کی ضرورت ہے اور آپریٹر سے اسکول کو فون کرنے کا کہیں۔ آپریٹر گفتگو میں آپ کی مدد کے لیے لائن پر ایک زبانی مترجم مہیا کرے گا۔ آپ سے اس سروس کے لیے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔